ہماری جملہ مطبوعات پاکستان میں نورانی بکس سٹال
نور دنگار سینما لارنس روڈ کراچی سے طلب کریں

آل انڈیا پکچرز کا بہترین شاہکار

चोर बाज़ार

گیت :- شکیل بدایونی

yes

چور بازار

اداکاران
سمترا، شمی کپور۔ چترا
ادم وغیرہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(اللہ آباد پریس دہلی) (۴ پ)

خلاصہ کہانی

امیر ہو یا غریب۔ چھوٹا ہو یا بڑا۔ فقیر ہو یا بادشاہ۔ دنیا کا ہر انسان کسی نہ کسی شکل میں چور ہے۔ کوئی سلطنت کی چوری کرتا ہے، کوئی بھلائی کی، کوئی حسن کی، کوئی دل کی، کوئی امانت کی، کوئی شرافت کی، کوئی طاقت کی، کوئی دولت اور کوئی سیاست کی ــــ اسی خیال پر ہماری کہانی "چور بازار" کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ جسکا تعلق ریگستان کے ان ذروں سے ہے جن میں ہمت بہادری اور خونریزی کے نظارے نقشے دلوں میں ہیں۔ جہاں کبھی شیر قندھار کی ریاست آباد تھی۔ آگے پردۂ فلم پر دیکھیں

چور بازار کے گانے

نمبر ۱

چلتا رہے یہ کارواں۔ عمر رواں کا کارواں
شام چلے۔ سحر چلے
منزل سے بےخبر چلے
بس یونہی عمر بھر چلے
رک نہ سکے یہاں وہاں
چلتا رہے . . . .

پھولے پھلے میری کلی
غم نہ ملے تجھے کبھی
گزرے خوشی میں زندگی
آئے نہ موسمِ خزاں، چلتا رہے . . .

دنیا کا تو حبیب ہو
منزل تیری قریب ہو

اُونچا تیرا نصیب ہو
تجھ پر خدا کی ہو اماں، چلتا رہے...

نمبر ۲

یہ دُنیا کے میلے مگر ہم اکیلے
تمنا ہے کوئی ہمیں ساتھ لے لے

اُمیدوں کے دِن ہیں اُمنگوں کی راتیں
کوئی ہم سے کر لے محبت کی باتیں

جسے کھیلنا ہو اداؤں سے کھیلے
یہ دُنیا سے میلے.......

ذرا میری دُنیا میں چپکے سے آ:
کہیں دِل کی دھڑکن نہ سُن لے زمانہ

زمانے کے ہوتے ہیں لاکھوں جھمیلے
یہ دُنیا کے میلے....

نمبر ۳

تاروں کی پالکی میں آئی جوانی
آئی جوانی ہوئی دُنیا دیوانی

آنکھوں میں کاجل بھر کے
زلفوں میں بادل بھر کے

مستی میں کھوئی کھوئی
جیسے شرابی کوئی

جھوم کے لے انگڑائی

آئی جوانی ...

پھولوں نے دامن چوما
آنکھوں میں دل جھوما

ہونٹوں پہ نغمے لائی
بن کے قیامت آئی
دل میں بجے شہنائی ... آئی جوانی ...

نمبر ۷

تیرے در پہ آیا ہوں فریاد لے کر
زباں پر غمِ دل کی روداد لے کر

پریشان ہے دل گھڑی بھر کو آجا
ذرا میری سن جا اور اپنی سنا جا

کہاں جاؤں میں حالِ برباد لے کر
تیرے در پہ آیا ......

میرے دردِ دل سے نہیں بے خبر تو
بنے میری قسمت جو کر دے نظر تو

محبت پہ ناکامیاں چھا گئی ہیں
اُمیدوں کی کلیاں بھی مُرجھا گئی ہیں

کہیں مر نہ جاؤں تیری یاد لے کر۔ تیرے در پہ...

نمبر ۸

ہوئی ہم سے نادانی تیری محفل میں آ بیٹھے
زمیں کی خاک ہو کر آسماں سے دل لگا بیٹھے

مرا خونِ تمنا اس کا شکوہ کیا کریں تم سے
نہ کچھ سوچا، نہ کچھ سمجھا، جگر پر تیر کھا بیٹھے
خبر کیا تھی گلستانِ محبت میں بھی خطرے ہیں
جہاں گرتی ہے بجلی ہم اسی ڈالی پہ جا بیٹھے
نہ کیوں انجامِ اُلفت دیکھ کر آنسو نکل آئیں
جہاں کو لوٹنے والے خود اپنا گھر لُٹا بیٹھے

تمہارے
دَر دَر کی ٹھوکریں ہیں کوئی نہیں سہارا
اب میری زندگی ہے ٹوٹا ہوا ستارا
گلہ سے ہو کے زمانے آنسو بہا رہے ہیں
لو آج ہم تمہاری دُنیا سے جا رہے ہیں
تم خوش رہو جہاں میں کر لیں گے ہم گذارا
دَر دَر کی ٹھوکریں ......
قسمت میں ڈوبنا ہے موجوں سے کیا ڈریں گے
مالک کے آسرے پر کشتی کو چھوڑ دیں گے
مل جائے گا ہمیں بھی طوفان میں کنارا
دَر دَر کی ٹھوکریں ......

ختم شُد

ہر قسم کی
ادبی، اخلاقی، دھارمک، اور فلمی کتابیں
ملنے کا پتہ۔ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلے

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو ایک مکمل ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹرلیسوں کے حالات نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف -/۱ہ محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سیکھنے والی سب سے بہتر اور نئی کتاب جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کی گئی ہے۔ مصنف نے اس کتاب میں اپنی تمام عمر کا تجربہ ختم کر دیا ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً بوشرٹ لیڈیز کوٹ کاٹنے کا طریقہ بھی صرف اس کتاب میں ملے گا۔

قیمت صرف -/3۱ محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانے مردانے تقریباً ۲۰۰ ڈیزائن فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں۔ جسے دیکھ کر گراہک من مانا کپڑا سلوا سکتا ہے۔ ہر دوکاندار کے پاس اسکا ہونا ضروری ہے

قیمت صرف -/۱۸ا محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ۔ زرین اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کسطرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ امریکہ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیاء بنانیکے نسخے۔ صابن۔ تیل کریم پاؤڈر۔ اسنو۔ روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے جسنے ہزارہا بیروزگاروں کو نہایت معمولی روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف 3/- محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

جیسے اچار۔ چٹنی۔ مربے۔ شربت۔ عرق۔ کشتہ۔ بچھن۔ معجون۔ خمیرہ۔ ٹیبلیٹ ادویہ کے نسخے۔ اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزارہا روپے کے قیمتی فارمولے۔ کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کرنیوالے راز ظاہر کر دیے گئے ہیں۔ ایک کتاب منگا کر ضرور فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف 1/8/- محصولڈاک معاف

رہنمائے صابون سازی

ہر قسم کے صابون۔ مثلاً نہانے دھونے کے گھٹیا بڑھیا خوشبودار وغیرہ بنانیکا آسان طریقہ اسکے اندر آپکو ملے گا۔ اس کتاب کے مصنف پرانے تجربہ کار پرشیو ناتھ رائے تسکین ہیں۔

قیمت صرف 1/8/- محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ۔ نرائن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دوکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے اور اب بھی کما رہے ہیں۔ ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے حقہ تمباکو، بیڑی سگریٹ، سگار، سنی نندہ نسوار، مسالہ دار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز اور ترکیبیں و طریقے درج ہیں۔

قیمت صرف 2/1/0 محصول ڈاک معاف

اُلو تنتر عرف گنجینہ طلسمات

ناظرین فن جادوگری کی یہ کتاب ہے جس کیلئے مدت سے دنیا ترس رہی ہے۔ روئے زمین کا ہر فرد بشر ہندو مسلمان سکھ عیسائی اس کا بخوبی واقف ہے کہ ہندوستان جس پر تمام دنیا فریفتہ ہے کے اجزا میں ہماری عجیب و غریب غضب کی طاقتیں بھری پڑی ہیں۔ اور اسکے ذریعہ بشر سے بشر سے عجیب و غریب حیرت انگیز کام نکلوائے جا سکتے ہیں۔ اُلو تنتر کو عام بازاری کتابوں میں شمار کرنا سراسر ظلم ہوگا۔

قیمت صرف 3/1/0 محصول ڈاک معاف

فن کارپینٹری

اردو، ہندی، پنجابی میں سب سے پہلی کتاب جس کے اندر فرنیچر اور لکڑی کے نئے نئے فیشن کے نمونے اور انکے بنانے کے بالکل نئے ڈھنگ دیئے گئے ہیں۔

قیمت صرف دس روپے محصول ڈاک 1/9/1

ملنے کا پتہ۔ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی